سٹی آف برامپٹن آج، مؤرخہ 19 جون کو مخصوص بڑے پارکس میں بیت الخلاء دوبارہ کھول رہا ہے

برامپٹن، آن (19 جون 2020) – سٹی آف برامپٹن کے دوبارہ کھلنے اور بحالی کے منصوبے کے حصے کے طور پر، برامپٹن کے مخصوص بڑے پارکس میں بیت الخلاء آج مؤرخہ 19 جون سے عوامی استعمال کے لیے کھولے جا رہے ہیں۔

سٹی کمیونٹی کی صحت و سلامتی کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے اور چونکہ ہماری کمیونٹی میں پارکس دوبارہ کھل چکے ہیں، بیت الخلاء اس بات کو یقینی بنانے میں اگلا قدم ہیں کہ رہائشیوں کے پاس اس ضروری سہولت تک رسائی بھی ہو۔

بیت الخلاء درج ذیل پارکس میں پیر تا جمعہ شام 4 تا رات 9 بجے تک اور بروز ہفتہ اور اتوار صبح 9 تا رات 7 بجے تک کھلے رہیں گے:

- بیٹس مین پارک
- چنگواکوسی پارک
- کریڈٹ ویو سینڈل ووڈ پارک
- ایلڈوراڈو پارک
- گیج پارک
- مک کینڈلیس پارک
- ٹیراموٹو پارک

بیت الخلاء کی کثرت سے صفائی کو یقینی بنانے کے لیے عملے کو تعینات کیا جائے گا اور رہائشیوں کی صحت و حفاظت کے اقدامات پر عمل کرنے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے نشانات لگائے جائیں گے۔

کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے لیے حفاظتی اقدامات

سٹی رہائشیوں پر اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلاً ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں، اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں اور نان میڈیکل ماسک پہنیں۔ خطرے پر گہری نظر رکھنے کے لیے سٹی آف برامپٹن اپنے شراکت داروں پیل پبلک ہیلتھ اور برامپٹن ایمرجینسی منیجمنٹ آفس کے ساتھ قریبی طور پر اور مل جل کر کام کر رہا ہے۔ باقاعدگی سے اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/covid19 ملاحظہ فرمائیں اور کسی بھی وقت سٹی آف برامپٹن اور ریجن آف پیل سے رابطے کے لیے 311 پر کال کر لیں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca